15-07-2026

12:30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر

بھارت۔برطانیہ

بھارت اور برطانیہ کے مابین طے پایا اقتصادی وتجارتی شراکت داری معاہدہ آج سے نافذ العمل ہوگیاہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان سوشل سیکورٹی معاہدہ بھی آج سے ہی لاگو ہوگیاہے، جس سے برطانیہ میں کام کرنے والے بھارتی پیشہ ور افراد کی نقل وحمل میں سہولت اور ان کی مسابقتی صلاحیت کو مزید تقویت ملے گی۔

اقتصادی وتجارتی معاملات کی رو سے برطانیہ کے بازاروں میں بھارتی برآمدات کی 99فیصد ٹیرف لائنز پر صفر کسٹم ڈیوٹی کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ اس سہولت سے بھارتی برآمدات کو نمایاں فروغ ملے گا۔

یاترا

شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں 3لاکھ یاتریوں نے پوتر گپھا پر حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے ہیں۔ آج بھی ہزاروں کی تعداد میں یاتری پہلگام اور بالتل کے راستے گپھا پر پہنچ رہے ہیں۔

اس دوران 6ہزار251یاتریوں پر مشتمل 14واں جتھا آج سرینگرپہنچ گیاہے۔

دریں اثنا آج دوپہر12بجے تک مزید 15ہزار350یاتریوں نے شیو لنگم کے درشن کئے۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے یاتریوں کی ریکارڈ تعداد مینآمد اور یاترا کے احسن انعقاد پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے منتظمین کی حوصلہ افزائی کی ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے زرعی سیکٹر کی ترقی میں حاصل کی گئی کامیابیوں کی سراہنا کرتے ہوئے اس شعبے کو مزید فروغ دینے کیلئے جامع منصوبہ بندی کی ضرورت پر زور دیاہے۔

وہ کل انٹرنیشنل فنڈ فار ایگریکلچرل ڈیولپمنٹ کے سُپر ویژن مشن کے ممبران کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کررہے تھے۔ مشن کے وفد کی قیادت اس کی کنٹری کاڈنیٹر میرا مشرا کررہی تھیں۔ مشن نے کل یعنی 14جولائی کو جموں کشمیر کا اپنا دوروزہ دورہ مکمل کیا۔

کھیل پروجیکٹ

جموں کشمیر میں امورنوجوان وکھیل کودمحکمہ کی وساطت سے 570کھیل پروجیکٹوں پر کام جاری ہے۔ ان پروجیکٹوں پر مجموعی طور 650کروڑ روپے لاگت آنے کا اندازہ ہے۔

محکمہ کے کمشنر سیکریٹری شاہد اقبال چودھری نے ایک میٹنگ کے دوران ان پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مذکورہ پروجیکٹونکے کام میں سرعت لانے اور جموں کشمیر میں کھیلو انڈیامشن کو بڑے پیمانے پر وسعت دینے کی ہدایت دی۔

راتھر

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے سب ڈسٹرکٹ ہسپتال چرار شریف ، سب ڈسٹرکٹ ہسپتال پکھرپورہ اور سب ڈسٹرکٹ ہسپتال کرمشور کے ہاسپٹل ڈیولپمنٹ فنڈ کمیٹیوں کی میٹنگ طلب کرکے مالی سال2026-27کے دوران رقومات کے تصرف کے لئے تیار کئے گئے منصوبوں کا جائزہ لیا۔

سپیکر موصوف نے دستیاب رقومات کا منصفانہ استعمال یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

کوڑھ

جموں کشمیرانتظامیہ نے تمام سرکاری اور نجی طبی اداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ کوڑھ کی بیماری کی تشخیص سے متعلق تمام تفصیلات نامزد صحت حکام کی نوٹس میں لائیں۔

اس کامقصد کوڑھ کے بیماروں کے موثر علاج کو یقینی بنانا ہے۔ توقع ہے کہ اس فیصلے سے بھارت کو کوڑھ سے مکمل طور نجات دلانے کے قومی مشن کو تقویت ملے گی۔

ڈی سی سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے کل سرینگر میں ڈاکٹر علی جان روڑ کی تجدید کاری اوراس سڑک کو وسعت دینے پر جاری کام کا برسر موقعہ معائینہ کیا۔

ڈپٹی کمشنر نے مختلف محکموں کے مابین قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دےتے ہوئے اس پروجیکٹ کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔

قابل ذکر ہے کہ یہ سڑک شہر کے بیشتر علاقوں کو سکمز صورہ سے جوڑتی اور اس تناظر میں انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔

کولگام ڈی

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے ضلع افسران کی ایک میٹنگ طلب کرکے پردھان منتری آواس یوجنا (شہری) کے دوسرے مرحلے کے تحت موصول ہوئی درخواستوں پر جاری کارروائی کا جائزہ لیا۔میٹنگ کے دوران ضلع سط کی کمیٹی نے 10درخواستوں کو منظوری دی۔

ڈپٹی کمشنر نے اس اسکیم کے فوائد مستحقین تک پہنچانے کی ہدایت دی۔

NIT

سرینگرنے انڈیاٹوڈے انجینئرنگ ریکنگز 2026میں اپنی NITنیشنل انسٹی چوٹ آف ٹیکنالوجی پوزیشن مزید بہتر بنائی ہے۔انسٹی چیوٹ نے ملک میں تمام انجینئرنگ کالجوں کے زمرے میں 31واں مقام حاصل کیاہے۔

ادارے کے ڈائریکٹر پروفیسربنود کمار کنوجیا نے اس حصولیابی کے لئے فیکلٹی ممبران، دیگر عملے اور طالب علموں کو مبارکباد دی ہے۔

سکلز ڈے

آج ورلڈ یوتھ سکلز ڈے منایاجارہاہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد نوجوانوں میں کارخانہ داری اور صنعت کاری کار جحان پیدا کرنے کی غرض سے انہیں مختلف ہنروں کی تربیت فراہم کرنے کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے آج کئی پروگرام منعقد ہورہے ہیں۔

JKEDI

جموں کشمیر آنٹر پرینیورشپ ڈیولپمنٹ انسٹی چیوٹ اور نیشنل رورل لائیوہُڈس مشن کے مشترکہ اہتمام سے پلوامہ میں منعقد کئے گئے دو منیجمنٹ ڈیولپمنٹ پروگرام کامیابی کے ساتھ اختتام پذیرہوگئے ہیں۔

ان پروگرامونکے دوران 44خواتین کارخانہ داروں کو تجارت سے متعلق تربیت فراہم کی گئی۔

ٹینس کوچنگ

سرینگر میں انڈین سافٹ ٹینس ٹیم کے لئے نیشنل کوچنگ کیمپ کا آغاز ہوگیاہے۔ جموں کشمیر سپورٹس کونسل، ایمیچور سافٹ ٹینس فیڈریشن آف انڈیا اور جے اینڈ کے ایمچور سافٹ ٹینس ایسو سی ایشن کے مشترکہ اہتمام سے منعقد کیاگیا یہ کوچنگ کیمپ 13اگست تک جاری رہے گا۔

یہ کیمپ جاپان میں منعقدہونے والی 20ویں ایشن گیمز کی تیاریوں کے لئے منعقد کیاگیاہے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ